اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ والصَّلٰوۃ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت سے قبل کے مدنی پھول (دورانیہ=15منٹ)

﴾1﴿ پہلے سے طے شدہ مقام پر 15 منٹ قبل (علاوہ 72 منٹ) جمع ہونے والی باپردہ اسلامی بہنوں میں ذمہ داریاں تقسیم کی جائیں اور انہیں خصوصاً رہنما اور نیکی کی دعوت دینے والی کو یہ ضرور بتا دیا جائے کہ کہاں سے کہاں تک **نیکی کی دعوت دینی ہے**۔ پھر ہدف یہ ہو کہ 72 منٹ نیکی کی دعوت اس طرح ہو کہ ذیلی حلقے / حلقے / علاقے کے ہر حصے میں نیکی کی دعوت کی دھومیں مچ جائیں۔(**ذمہ داریاں**(1) **رہنما** (2) **نیکی کی دعوت**)

رہنما: بہتر ہے کہ مقامی اور اڈھیر عمر کی اسلامی بہن ہو اور جن گھروں میں دعوت دینی ہے ان کے بارے میں معلومات رکھتی ہو اور گھروں کے دروازے پر دستک دے کر گھر کی اسلامی بہنوں کو بُلا کر دروازے کے اندر (مزید اندر نہ جائے) پردے کی احتیاط کے ساتھ سلام کے بعد نہایت نرمی سے عرض کرے کہ "ہم دعوت اسلامی کی طرف سے حاضر ہوئی ہیں کچھ عرض کرنا چاہتی ہیں آپ ثواب کی نیت سے سُن لیجئے۔"

نیکی کی دعوت دینے والی: خود اعتماد، پُرانی اور نرمی وعاجزی کی پیکر ہو۔(جب نیکی کی دعوت دی جارہی ہو تو درمیان میں کوئی اسلامی بہن نہ بولے بلکہ نگاہیں نیچی کیئے سب خاموشی سے سنیں)

﴾2﴿ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے لئے کم از کم 2 سے 3 اسلامی بہنیں ضرور ہوں، کوئی بھی اسلامی بہن تنہا نیکی کی دعوت کے لئے نہ جائے۔ اجتماعی طور پر ہی جائیں۔ اگر کوئی ہیلتھ ورکر وغیرہ انفرادی طور پر اس کی اجازت مانگیں تو اجازت نہ دی جائے۔

﴾3﴿ 12 سال سے چھوٹی اور ناسمجھ بچیوں اور 12، 13 سال کی وہ بچیاں جو دیکھنے میں بہت چھوٹی معلوم ہوتی ہوں انہیں علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے لئے نہ بھیجا جائے کہ اس طرح عوام کے بدظن ہونے کا خدشہ ہے۔

﴾4﴿ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت ان ہی ذیلی حلقوں میں دی جائے جہاں کچھ نہ کچھ جان پہچان ہو بالکل انجان سنسان حصّوں میں جانے سے احتیاط کی جائے۔

﴾5﴿ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے لئے روانگی سے قبل 15 منٹ میں ترتیب وار یہ کام کئے جائیں۔

I. **"نیکی کی دعوت دینے کے 12 فضائل"** میں سے کوئی ایک فضیلت بالترتیب بتائی جائے۔ (**1 منٹ**)

II. **" علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے آداب"** بتائے جائیں۔(**2منٹ**)

III. **"نیکی کی دعوت دینے سے قبل کی نیتیں"** میں سے 2 یا 3 نیتیں کروائی جائیں ۔(**1 منٹ**)

IV. **"نیکی کی دعوت کا طریقہ"** میں سے کوئی ایک طریقہ آسان لفظوں میں بتایا جائے۔(**5 منٹ**)

V. **"اجتماع میں نہ آنے کے عذر اور ان کے جوابات"** میں سے چند عُذر اور ان کے جوابات بھی بتائے جائیں۔(**5 منٹ**)

VI. جانے سے پہلے **"اجتماعی دُعا"** بھی کروائی جائے۔ (**1 منٹ**)

کُل دورانیہ = 15 منٹ

("نیکی کی دعوت دینے کے 12 فضائل"، " علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت کے آداب"، "نیکی کی دعوت دینے سے قبل کی نیتیں"، "نیکی کی دعوت کا طریقہ"، "اجتماع میں نہ آنے کے عذر اور ان کے جوابات" اور "اجتماعی دُعا" ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)